## سوال

خواب کے تعبیر

## جواب

خواب میں جنتی لڑکوں سے بات کرنا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میں نے ایک خواب دیکھا ہے کہ جنت سے کچھ جوان لڑکے زمین پر آئے ہیں اور انہوں نے سفید احرام باندھے ہوئے ہیں۔ اور میں ان کے ساتھ مجلس میں بیٹھ کے باتیں کررہاہوں، آپ مہربانی کرکے اس خواب کے تعبیر بتادیں، اور آخر میں آپ کو ایک بات بتادوں کہ 10 سال پہلے مجھے شدیدی کینسر ہوا تھا۔ ان 10 سالوں میں میں نے بہت تکلیف وپریشانی دیکھی ہے جو میں آپ کو بتا نہیں سکتا ہوں۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اس خواب کی صحیح تعبیر تو ماہرین ہی بتا سکتے ہیں، لیکن اس سے جو میں سمجھا ہوں وہ شاید یہی ہو سکتی ہے کہ اللہ تعالی نے بیماری کے بدلے میں آپ کے گناہوں کو معاف کردیا ہے، اور اس خواب کے ذریعے آپ کو جنت کی بشارت دی ہے۔ آپ کو چاہئے کہ آپ اس بشارت سے اپنے آپ کو اللہ کے زیادہ سے زیادہ قریب کرنے کی کوشش کریں، اور بقیہ زندگی اللہ کے نیک اور فرمانبردار بندے بن کر رہیں۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی